Government of Karnataka



حکومت کرناٹک

ندائے اُردو

زبان اوّل

NIDA-E-URDU

Urdu First Language



Fifth Standard

PART-1

پانچویں جماعت کے لئے

درسی کتاب مع مشقیہ

حصّہ اوّل

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

THE CONSTITUTION OF INDIA

PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a [1]**[SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC]** and to secure to all its citizens :

JUSTICE, social, economic and political;

LIBERTY of thought, expression, belief, faith and worship;

EQUALITY of status and of opportunity; and to promote among them all

FRATERNITY assuring the dignity of the individual and the [2][unity and integrity of the Nation];

IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY this twenty-sixth day of November, 1949 do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

---

1. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Sovereign Democratic Republic" (w.e.f. 3.1.1977)
2. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Unity of the Nation" (w.e.f. 3.1.1977)

Constitution of India

Part IV A (Article 51 A)

Fundamental Duties

It shall be the duty of every citizen of India —

(a) to abide by the Constitution and respect its ideals and institutions, the National Flag and the National Anthem;

(b) to cherish and follow the noble ideals which inspired our national struggle for freedom;

(c) to uphold and protect the sovereignty, unity and integrity of India;

(d) to defend the country and render national service when called upon to do so;

(e) to promote harmony and the spirit of common brotherhood amongst all the people of India transcending religious, linguistic and regional or sectional diversities; to renounce practices derogatory to the dignity of women;

(f) to value and preserve the rich heritage of our composite culture;

(g) to protect and improve the natural environment including forests, lakes, rivers, wildlife and to have compassion for living creatures;

(h) to develop the scientific temper, humanism and the spirit of inquiry and reform;

(i) to safeguard public property and to abjure violence;

(j) to strive towards excellence in all spheres of individual and collective activity so that the nation constantly rises to higher levels of endeavour and achievement;

*(k) who is a parent or guardian, to provide opportunities for education to his child or, as the case may be, ward between the age of six and fourteen years.

Note: The Article 51A containing Fundamental Duties was inserted by the Constitution (42nd Amendment) Act, 1976 (with effect from 3 January 1977).

*(k) was inserted by the Constitution (86th Amendment) Act, 2002 (with effect from 1 April 2010).

@KVRS NOT TO BE REPUBLISHED

نصابی کمیٹی برائے پانچویں جماعت

پروفیسر ایس محمّد رحمت الحق — صدر

سابق رجسٹرار، کرناٹک اُردو اکادمی، بنگلورو صدر، شعبۂ اُردو، سری سدا گنگا کالج برائے خواتین، ٹمکورو ۔

جناب دادا پیر۔ صدر مدرس، گورنمنٹ ہائی اسکول، بیلوٹگی، ہلیال (تعلق) شمالی کرناٹک (ضلع) — رکن

جناب الیاس احمد 'یم' خواجہ پوری۔ اردو سی، آر، پی۔ طبیب لیاند کلسٹر۔ ہبلی — رکن

جناب مُصدّق پاشاہ۔ صدر مدرس، گورنمنٹ اردو پرائمری بوائز اسکول، امبلی گولہ، شکاری پور — رکن

محترمہ عبرت النساء۔ معاون معلّمہ، گورنمنٹ اردو لوئیر پرائمری اسکول، محبوب نگر، چنتامنی — رکن

جناب عبدالغفار۔ معاون معلم، گورنمنٹ اردو کامپوزٹ اسکول، ایکسٹنشن، رام نگر — رکن

شری سندر تو ڈار۔ استادِ مصوری، گورنمنٹ ہائی اسکول۔ گول تجلو، بنٹوال (تعلق) جنوبی کنیرا — مصّور

محترمہ شاہدہ بیگم۔ سابق لکچرار، حسنات کالج بنگلورو — تنقیح کار

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

صلاح کار

☆ شری ناگیندرا کمار
مینیجنگ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

☆ شریمتی ناگامنی۔سی
ڈپٹی ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

☆ شری موڈمبٹری تایا
کوآرڈینیٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شری پانڈورنگا
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities
- learning to shift from rote methods
- enriching the curriculum beyond textbooks
- learning experiences for the construction of knowledge
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- caring concerns within the democratic policy of the country
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries- integrated knowledge and the joy of learning.
- the child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely. Constructive approach, Spiral Approach and Integrated approach.

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

The most important objectives of teaching language are listening, speaking, reading, writing and reference work. These skills have been given a lot of importance in all the language textbooks. Along with the inculcation of these skills, fundamental grammar, opportunities for learners to appreciate beauty and imbibe universal life values have been integrated in language textbooks. When learners master these competencies, they would stop studying textbooks for the sake of passing examinations. In order to help learners master these competencies, a number of paired and group activities, assignments and project work have been included in the textbooks. It is expected that these activities would help learner master communicative skills. Ultimately, it is expected that students master the art of learning to learn and make use of these competencies in real life. Textbooks for students X have a special significance. As any other new textbook they help learners' master skills and competencies and at the same time there is going to be a public examination based on them.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks. A few works of some writers and poets have been included in these textbooks. The textbook society is extremely grateful to them for giving their consent for the inclusion of these pieces in the textbooks.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Prof. G S Mudambadithaya
Co - ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

حرفِ آغاز

معلوماتی ٹیکنالوجی کے تحت ہر پل رونما ہونے والی تبدیلیوں کی روشنی میں جماعت کی چہار دیواری میں تدریس آج دشوار گذار عمل ثابت ہو رہی ہے ۔ مدرسہ آنے سے پہلے ہی بچہ کئی ایک معلومات سے خود کو آراستہ پاتا ہے۔اس پس منظر میں بچّہ کو روایتی تعلیم سے ہم آہنگ کرنے میں اساتذہ کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں۔اس مقصد کی تکمیل کیلئے حکومت کئی ایک اقدام کرتی آئی ہے۔ چنانچہ 13-2012 سے نئے نصاب کا نفاذ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

حکومتِ کرناٹک کے محکمۂ تعلیم کے نیشنل کریکیولم فریم ورک NCF 2005 کے تحت نئے نصاب کی تیاری کے لئے فراہم کردہ رہنما اصولوں پر مبنی یہ کتاب ''نِدائے اردو ۔5'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔کتاب کی تیاری میں بچّے کی ذہنی استطاعت، دَرَک ، اکتسابی صلاحیت کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔زبان پر بچّہ عبور حاصل کر سکے،اس کے لئے حتی المقدور آسان الفاظ اور جملوں کا استعمال کیا گیا ہے۔بچّوں میں تحریری قابلیت کو فروغ دینے اور خود سے کچھ کر دکھانے کی غرض سے مشقیہ میں کئی لِسانی سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں جن کے ذریعہ بچّے اردو زبان کو سیکھنے اور مستقبل میں اردو زبان کے استعمال سے لطف اندوز ہونے کے علاوہ اردو زبان وادب کی چاشنی سے بھی بہرہ ور ہو پائیں گے۔

کتاب میں جملہ دس اکائیاں شامل ہیں اور ہر اکائی میں ایک نظم اور نثری مضمون شامل ہے ۔ان مضامین کے علاوہ ہر مضمون کے ساتھ موضوع کی مناسبت سے ایک ضمنی مضمون یا نظم بھی شاملِ نصاب ہے۔بچّہ ان عبارتوں، مضامین یا نظموں کو پڑھ کر از خود مواد اخذ کرنے کی کوشش کرے گا۔ضرورت ہے کہ اساتذہ بچّے کی اس کوشش میں تعاون کریں ۔ان مضامین کا تعلق امتحان سے نہیں ہوگا۔

بچّوں کو عصرِ حاضر سے ہم آہنگ کرنے کی غرض سے نصاب کی تشکیل عمل میں آئی ہے۔امید کہ طلبہ اور اساتذہ ضرور اس سے استفادہ کریں گے۔زرّیں آراء اور تعاون کیلئے اراکینِ مجلسِ نصاب، تنقیح کار، محکمۂ تعلیمات کے ادارۂ درسی کتب کے مینیجنگ ڈائرکٹر، رابطہ کار، ڈپٹی ڈائرکٹر اور سینیئر اسسٹنٹ ڈپٹی ڈائرکٹر کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرتا ہوں۔

کِتاب میں درآئی خامیوں کی نشاندہی کرنے، نیز مستقبل میں نصاب کو خوب سے خوب تر بنانے کے لئے والدین، اساتذہ اور طلبہ کی جانب سے زرّیں مشوروں کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔

پروفیسر ایس۔محمد رحمت الحق

صدر

مجلس نصاب

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجالسِ نظرِ ثانی برائے نصابی کتاب

صدرِ مجالس:

پروفیسر برگورراما چندرپّا: مجلسِ نظرِ ثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-85

مجالسِ نظرِ ثانی

صدر:

پروفیسر سی۔ سید خلیل احمد: چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف پی جی اسٹڈیز اینڈ ریسرچ اِن اُردو کوئمپو یونیورسٹی، سہیادری کالج، شیوا موگا-577203

اراکین:

ڈاکٹر سید ثناءاللہ : اسوسیٹ پروفیسر اینڈ چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف اُردو، سہیادری سائنس کالج شیوا موگا-3

محترمہ وحیدہ نسرین : ایجوکیشن آفیسر، ڈائرکٹریٹ برائے اُردو اور دیگر اقلیتی لسانی، مدارس، بنگلورو۔

جناب سلیمان خمار : ایل آئی جی-83 جال نگر، وجئے پورہ - 586101

جناب اختر سہیل : معاون معلم، فاروقیہ بوائس ہائی اسکول، تلک نگر، میسورو-570001

محترمہ مہرالنساء بیگم کے، مکاندار : اُردو معلّمہ، گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، جمکھنڈی، ضلع باگل کوٹ

محترمہ سائرہ بانو : معاون معلّمہ گورنمنٹ مسلم رسیڈنشیل اسکول، سری رنگا پٹن، ضلع منڈیا۔

محترمہ حبیبہ خانم : معاون معلّمہ گورنمنٹ اُردو لوئر پرائمری اسکول، ایم کے۔ محلہ، رام نگر-562159

محترمہ شمع پروین سوداگر: معاون معلّمہ گورنمنٹ اُردو لوئر پرائمری اسکول، گاندھی پور ضلع ہاویری 581110

اعلیٰ مجالسِ نظرِ ثانی

پروفیسر نورالدین : وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 13/1، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-560007

پروفیسر محمد اعظم شاہد : پروفیسر گورنمنٹ فسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-560094

میر صلاح کار:

شری یم۔ پی۔ مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروکرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔ بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪–೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬–೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭–೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ಕಳಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇನೆ: ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯ ಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This Endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Manjushree. N. IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)



فہرست

اکائی	شمار	عنوان		مصنف	صفحہ نمبر
I	1	حمد	نظم	الطاف حسین حالیؔ	1
	2	رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	نثر	مجلس نصاب	7
II	3	علم	نظم	امان الحق	15
	4	آنندی	نثر	ڈاکٹر انور ادیب	20
III	5	اپنا کرناٹک ہے پیارا	نظم	شاہوار بیگم	27
	6	کرناٹک کے تاریخی مقامات کی سیر	نثر	مجلس نصاب	33
IV	7	سارے جہاں سے اچھا	نظم	ڈاکٹر محمد اقبالؔ	43
	8	بھارت رتن	نثر	مجلس نصاب	49
V	9	سائنس کی باتیں	نظم	شاد عظیمی ندوی	56
	10	انٹرنیٹ	نثر	مجلس نصاب	61

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اکائی-I
سبق-1

حمد

اے ساری دنیا کے مالک
راجا اور پرجا کے مالکِ

بے پر اور پردار کے مالک
اے سارے سنسار کے مالک

ناؤ جگت کی کھینے والے
دکھ میں سہارا دینے والے

جوت ہے تیری جل اور تھل میں
باس ہے تیری پھول اور پھل میں

ہر دل میں ہے تیرا بسیرا
تُو پاس اور گھر دور ہے تیرا

تُو ہے اکیلوں کا رکھوالا
تُو ہے اندھیرے گھر کا اجالا

تُو ہی ڈبوے تو ہی ترائے
تُو ہی بیڑا پار لگائے

سب سے انوکھے سب سے نرالے
آنکھ سے اوجھل دل کے اجالے

(مولانا الطاف حسین حالی)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

پردار	:	پر رکھنے والا
راجا	:	بادشاہ
پرجا	:	بندے، عوام
ناؤ	:	کشتی
جگت	:	دنیا
جوت	:	روشنی، چمک
باس	:	خوشبو
رکھوالا	:	حفاظت کرنے والا
بسیرا	:	بسنے کی جگہ
انوکھا	:	عجیب
نرالا	:	علیحٰدہ، دوسروں سے الگ
بیڑا پار لگانا	:	مصیبت دور کرنا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. (الف) ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1- حمد کسے کہتے ہیں؟

2- ساری دنیا کا مالک کون ہے؟

3- اللہ تعالیٰ کی جوت کہاں کہاں دکھائی دیتی ہے؟

4- اللہ کا بسیرا کہاں کہاں ہے؟

II. (ب) ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1- اللہ تعالیٰ کو سارے جگ کا مالک کیوں کہا جاتا ہے؟

2- حمد میں حالؔی نے اللہ تعالیٰ کی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟

3- ہم پر اللہ تعالیٰ کے کیا کیا احسانات ہیں؟

II. (الف) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔

- آنکھ +
- انوکھے +
- نرالا +
- اجالا +
- سہارے +
- اندھیرے +

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) مذکر اور مونث لکھئے۔

- مالک –
- رانی –
- نرالی –
- اکیلا –

(پ) اضداد لکھئے۔

- جل ×
- پاس ×
- ڈبونا ×
- دکھ ×
- اندھیرا ×

(د) الف اور ب میں جوڑ لگائیے۔

الف	ب
1) اے ساری دنیا کے مالک	1) آنکھ سے اوجھل دل کے اجالے
2) جوت ہے تیری جل اور تھل میں	2) تُو ہے اندھیرے گھر کا اجالا
3) ہر دل میں ہے تیرا بسیرا	3) راجا اور پرجا کے مالک
4) تُو ہے اکیلوں کا رکھوالا	4) باس ہے تیری پھول اور پھل میں
5) سب سے انوکھے سب سے نرالے	5) تُو پاس اور گھر دُور ہے تیرا

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

☆☆☆

II

حمد

حمد پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

تُو پروردگار اور ربِّ انام
تری حمد کیوں کر ہو ہم سے تمام

وہی نیک نامی ہے ، عزت وہی
جو تیری طرف سے جو تجھ سے ملی

حیات و اجل ان کی ہے کامراں
جو ہوں تیرے تابع خدائے جہاں

مقدم رکھیں جو ہر ایک گام پر
ترا حکم اپنے ہر ایک کام پر

یہ غنچے یہ گل یہ نسیم و صبا
پہاڑ اور جنگل یہ ابر و ہوا

ہری کھیتیاں لہلہاتی ہوئی
یہ بارش بہاروں کو لاتی ہوئی

یہ گرمی کے سردی کے موسم جدا
ہر اک کی الگ طرز، الگ ہر ادا

سمندر کی موجیں یہ پانی کا شور
جہازوں کا چلنا ہواؤں کا زور

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

یہ جن و ملک ہو کہ انسان ہو
ہو ادنیٰ سے کیڑے کہ حیوان ہو

ہر ایک میں ہے اک شانِ کاریگری
ہر ایک شئے سے قدرت ہے ظاہر تری

تری قدرتوں کا ہو کر کیونکر بیاں
قلم ہے ضعیف اور عاجز زباں

(ڈاکٹر اسماء سعدی)

سوالات:

1- اللہ تعالیٰ کی حمد کیوں بیان نہیں کی جاسکتی؟
2- دنیا میں کن لوگوں کو عزت اور نیک نامی حاصل ہوتی ہے؟
3- اللہ تعالیٰ کی حکومت کس پر قائم ہے؟
4- اس شعر کا مطلب کیا ہے؟

تری قدرتوں کا ہو کیوں کر بیاں
قلم ہے ضعیف اور عاجز زباں

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

F1I4L2

رحمتِ عالم ﷺ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم 12 ربیع الاول مطابق 20 اپریل 571 عیسوی کو شہر مکّہ میں پیدا ہوئے۔ آپؐ کے والد کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام بی بی آمینہ تھا۔ ابھی آپ ماں کے پیٹ میں تھے کہ آپؐ کے والد کا انتقال ہوگیا۔ دو سال تک دائی حلیمہ نے آپؐ کو دودھ پلایا۔ چھ سال کی عمر میں آپؐ کی والدہ بی بی آمینہ بھی اللہ کو پیاری ہوگئیں۔ دادا عبدالمطلب نے آپؐ کی پرورش کی۔ آٹھ سال کی عمر میں دادا بھی انتقال فرما گئے۔ اس کے بعد چچا ابوطالب نے آپؐ کی ذمہ داری لی۔ چچا ابوطالب اپنے بھتیجے کو بہت چاہتے تھے۔

حضرت محمدؐ بچپن ہی سے بہت نیک اور شریف تھے۔ دوسرے بچوں کی طرح کھیل کود میں وقت نہیں گنواتے تھے۔ عرب کے دستور کے مطابق آپؐ بچپن میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔ عرب میں شریف لوگوں کا پیشہ تجارت تھا۔ چچا ابوطالب کے ساتھ آپؐ بھی تجارت میں شامل ہوگئے۔ تجارت کے سلسلے میں شام اور دوسرے مقامات کا سفر کیا۔ جب آپؐ کی عمر 25 برس کی ہوگئی تو آپ نے عرب کی ایک نیک اور عزت دار خاتون حضرت خدیجہؓ سے نکاح کرلیا۔ حضرت بی بی فاطمہؓ آپ کی بیٹی ہیں۔

چالیس (۴۰) برس کی عمر میں اللہ نے آپؐ کو اپنا رسول بنایا۔ حضرت محمدؐ نے اللہ کا پیغام تمام انسانوں تک پہنچایا۔ انہیں نیک بننے کی نصیحت کی۔ جو نیک تھے انہوں نے آپؐ کی باتیں مانیں اور آپؐ پر ایمان لے آئے۔ جو بدبخت تھے انہوں نے آپؐ کی خلاف ورزی کی۔ آپؐ کو بہت تکلیفیں دیں۔ اللہ نے آپؐ کو تمام عالموں کے لئے ''رحمت'' بنا کر بھیجا ہے اور آپؐ کو ''رحمت العالمین'' کے اعلیٰ خطاب سے نوازا

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہے۔حضرت محمدؐ نے دشمنوں کے ساتھ بھی نیک سلوک کیا ۔ان کی غلطیوں کو معاف فرمایا۔ان کے حق میں دعائیں کیں۔جب دشمنوں کی زیادتیاں حد پار کر گئیں تو اللہ کے حکم سے حضرت محمدؐ نے مکہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کی۔ہجرت کے اسی سال سے سن ہجری شروع ہوتی ہے۔نبوت کے بارھویں سال معراج کا واقعہ پیش آیا۔اللہ کے حکم سے آپؐ کو آسمانوں پر بلایا گیا۔جنت اور دوزخ کے نظارے دکھائے گئے۔

آپؐ ہمیشہ غریبوں، مجبوروں، لاچاروں، بیواؤں اور یتیموں کی مدد فرماتے تھے۔ان کے کام وکاج میں ہاتھ بٹاتے تھے۔بچوّں تک کو سلام کرنے میں پہل کرتے تھے۔اپنا کام خود ہاتھ سے کرتے تھے۔دشمن ہو کہ دوست، بیمار کی عیادت کرتے تھے۔

آپؐ بہت نیک، ایماندار و دیانت دار تھے۔ان ہی خوبیوں کی وجہ سے آپؐ کو 'امین' اور 'صادق' کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔آپؐ سچے اور انصاف پسند تھے۔آپؐ کے دشمن بھی آپ کی انصاف پسندی کے قائل تھے۔63 برس کی عمر میں 12 ربیع الاوّل کو دوشنبہ کے دن آپ نے رحلت فرمائی۔آپ پر لاکھوں درود وسلام۔ہمیں خوش ہونا چاہئیے کہ ہم آپؐ کے اُمتّی ہیں۔

پیارے بچّو! ہمیں چاہئے کہ حضرت محمدؐ کی بتائی ہوئی باتوں پر عمل کریں۔دوسروں کو بھی عمل کرنے کی تاکید کریں۔اس سے دنیا و دین دونوں میں کامیابی ہوگی۔

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

انتقال ہوجانا	:	وفات پاجانا
دائی	:	بچوں کی دیکھ بھال کرنے والی
دستور	:	قانون، رسم
تجارت	:	بیوپار
دیانت دار	:	ایمان دار
امین	:	امانت دار، بھروسے کے قابل
صادق	:	سچا
رسول	:	پیغمبر، اللہ کا پیغام پہچانے والا
عالم	:	دنیا
رحمت	:	مہربانی/ کرم
بدبخت	:	بدقسمت
عیادت	:	بیمار پرسی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. (الف) ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

-1 حضرت محمدؐ کے والدین کے نام لکھئے؟

-2 حضور اکرمؐ کے دادا کا نام کیا تھا؟

-3 دادا کے انتقال کے بعد حضور اکرمؐ کی پرورش کس نے کی؟

-4 کس عمر میں اللہ نے آپ کو اپنا رسولؐ بنایا؟

-2 سن ہجری کب سے شروع ہوتا ہے؟

-6 معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟

-7 حضرت محمدؐ نے کب رحلت فرمائی؟

(ب) ان سوالوں کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

1- حضرت محمدؐ کے بچپن کے حالات بیان کیجئے۔

2- حضرت محمدؐ کی خوبیاں لکھئے۔

II. (الف) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔

- عالم =
- عالمین =
- بیمار =
- یتیم =
- دشمنوں =
- پیغمبروں =

(ب) قوسین میں دیئے گئے مناسب الفاظ کی مدد سے خانہ پُری کیجئے۔

1- حضرت محمدؐ ۔۔۔۔۔۔۔571 عیسوی کو شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

(20 ربیع الاول، 12 ربیع الثانی ، 12 ربیع الاوّل)

2- آپؐ کے دادا کا نام ۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(ابوطالب ، عبداللہ ، عبدالمطلب)

3- عرب میں شریف لوگوں کا پیشہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(تجارت ، معلّمی ، زراعت)

4- معراج کا واقعہ نبوت کے ۔۔۔۔۔ سال پیش آیا۔

(چودھویں ، بارھویں ، سولہویں)

5- حضرت محمدؐ نے ۔۔۔۔۔ برس کی عمر میں رحلت فرمائی۔

(73 ، 63 ، 83)

ایسا لفظ جو دوسرے کسی لفظ کے الٹے معنی دیتا ہو 'ضد' کہلاتا ہے

مثلاً اچھا = بُرا نیک = بد

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج) ان کے اضداد لکھئے۔

- زندگی ×
- جنت ×
- عالم ×
- دوست ×
- نیکی ×
- دن ×

(د) چند الفاظ کے ہجے ایک ہی ہونے کے باوجود زیر، زبر، پیش وغیرہ کی وجہ سے ان کا تلفظ بدل جاتا ہے۔ اور معنی میں بھی فرق آجاتا ہے۔ نیچے دیئے گئے ان الفاظ کو پڑھیئے اور ان کے معنی سمجھئے۔

- عالِم = جاننے والا
- عالَم = دنیا، کائنات
- پَر = پرندے کا پر
- پُر = بھرتی کرنا
- عِلم = جاننا
- عَلَم = جھنڈا
- دَور = زمانہ
- دُور = فاصلہ

اُردو زبان میں چند الفاظ ایسے بھی ہیں جن کا تلفظ ایک ہی ہوتا ہے لیکن ان کے ہجّے اور معنی الگ ہوتے ہیں مثلاً:

- سدا = ہمیشہ
- صدا = آواز
- خلیل = دوست
- قلیل = کم

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د) اپنے استاد کی مدد سے ایسے الفاظ کی فہرست تیار کیجئے جن کا تلفظ ایک ہو لیکن ہجے اور معنی الگ ہوں۔

1 ....

2 ....

3 ....

4 ....

(د) ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

بچپن ۔ پرورش ۔ نصیحت ۔ وفات ۔ تجارت

(ز) الف اور ب میں جوڑ لگائیے۔

الف	ب
1. چاچا ابوطالب	1) آپ 'امین' اور 'صادق' کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔
2. عرب کے دستور کے مطابق	2) بہت تکلیفیں دیں۔
3. اللہ نے آپ ؐ کو تمام	3) اللہ نے آپ ؐ کو رسول بنایا۔
4. ان ہی خوبیوں کی وجہ سے	4) اپنے بھتیجے کو بہت چاہتے تھے۔
5. چالیس برس کی عمر میں	5) آپ بچپن میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔
	6) عالموں کے رحمت بنا کر بھیجا۔

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

☆☆☆

ماں

پڑھئے اور آخر میں پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

'ماں' لفظ میں کتنی مٹھاس ہے، کتنی کشش ہے۔ 'ماں' لفظ سن کر دل مسرور اور خوش ہو جاتا ہے۔ نظر کے سامنے ایک شفقت و ممتا کا مجسمہ ابھرتا ہے۔ دنیا کی تمام قوموں میں ماں کا مقام انتہائی عظیم ہے۔

ماں سب بھائی بہنوں کو بہت چاہتی ہے۔ خاندان کی ہر ضرورت کا خیال رکھتی ہے۔ گھر کی چھوٹی چھوٹی باتوں پر نظر رکھتی ہے۔ اسے گھر کی آرائش اور سجاوٹ کا خیال رہتا ہے۔ وہ خاندان کے تمام افراد کی خدمت بڑے خلوص اور انہماک سے کرتی ہے۔ والد صاحب کے کاموں میں ہاتھ بٹاتی ہے۔ وہی ہماری تعلیم، غذا، لباس، آرام وغیرہ کا انتظام کرتی ہے۔ اگر کوئی چیز ہمیں نہیں ملتی ہے تو ہم ماں ہی سے دریافت کرتے ہیں۔ ہماری ہر چیز کا وہی خیال رکھتی ہے۔ ماں کے بغیر ہم اپنی زندگی کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

ماں بڑی ملنسار اور رحم دل ہوتی ہے۔ وہ رشتہ داروں اور مہمانوں کی مہمان نوازی بڑے خلوص اور اپنائیت سے کرتی ہے۔ لذیذ کھانا پکاتی ہے۔ وہ نوکروں کے ساتھ بھی بڑا رحمدلی کا برتاؤ کرتی ہے۔

ماں غریبوں، مجبوروں، یتیموں اور بیواؤں کی مدد بڑی فراخ دلی سے کرتی ہے۔ بیماروں کی تیمارداری کرنا وہ اپنا فرض سمجھتی ہے۔ محلّہ میں کوئی بیمار ہو جائے ماں ضرور پہنچتی ہے۔ ہم

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سب بھائی بہن بہت خوش قسمت ہیں کہ ایسی مہربان، شریف النفس، دوراندیش اور شفیق ماں ہمیں ملی۔

سوالات:

1- کس لفظ میں مٹھاس اور کشش ہے؟

2- ماں کس کے کاموں میں ہاتھ بٹاتی ہے؟

3- ماں بچوں کی کون کونسی ضروریات کو پورا کرتی ہے؟

4- مہمانوں کے ساتھ ماں کس طرح پیش آتی ہے؟

5- نوکروں کے ساتھ 'ماں' کیسا برتاؤ کرتی ہے؟

6- ماں کی دیگر خوبیاں بیان کیجئے۔

☆☆☆

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

N3E9Y1

علم



علم سے انسان کوسوں دور تھا
تھی جہالت عام ، وہ مجبور تھا

تھا اندھیروں میں کہیں کھویا ہوا
غار میں جنگل کے تھا سویا ہوا

قند ' مردہ جانور خوراک تھی
چھال پتوں سے بنی پوشاک تھی

جب ہوا وہ علم سے آراستہ
پالیا جینے کا اس نے راستہ

@KVS NOT TO BE REPUBLISHED

ہو گئے سارے اندھیرے اس سے دور
علم نے گویا دیا آنکھوں کا نور

علم نے سکھلائے ہیں القاب بھی
علم ہی سے آئے ہیں آداب بھی

علم نے دکھلائی ہم کو وہ ڈگر
چاند کا بھی کردیا آساں سفر

علم جس کی زندگی میں آئے گا
ہر قدم وہ کامیابی پائے گا

علم ایسی شئے ہے جو بکتی نہیں
خرچ کرنے سے کبھی گھٹتی نہیں

علم سے کردو منور ہر ڈگر
زندگی ہو شان سے اپنی بسر

علم جس کے پاس ، مالا مال ہے
علم جس سے دور ، وہ کنگال ہے

(امان الحق بالاپوری)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

کوسوں دور	:	بہت دور
قند	:	شکر، کھانڈ
پوشاک	:	لباس
آراستہ	:	سجا ہوا، سنگار کیا ہوا
القاب	:	کسی کی اچھائی یا برائی پر نام رکھنا، لقب کی جمع
ڈگر	:	راہ، راستہ
شئے	:	چیز
گھٹنا	:	کم ہونا
منوّر	:	نور سے بھرا ہوا
کنگال	:	بہت زیادہ مفلس
روشن	:	چمک دار

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے:۔

1- 'علم' کس کی لکھی نظم ہے؟

2- علم سے کونسا سفر آسان ہو گیا ہے؟

3- وہ کونسی شئے ہے جو بیچی اور خریدی نہیں جا سکتی؟

4- مالا مال کون اور کنگال کون ہے؟

II. (الف) جوڑ لگائیے

الف	ب
1 علم سے انسان کوسوں دور تھا	1 علم جس سے دور وہ کنگال ہے
2 علم نے سکھلائے ہیں القاب بھی	2 زندگی ہوشان سے اپنی بسر
3 علم جس کی زندگی میں آئے گا	3 تھی جہالت عام، وہ مجبور تھا
4 علم جس کے پاس مالا مال ہے	4 ہر قدم وہ کامیابی پائے گا
5 علم سے کر دو منور ہر ڈگر	5 علم ہی سے آئے ہیں آداب بھی

(ب) بے ترتیب الفاظ کو ترتیب سے جوڑ کر مصرعے صحیح کیجئے۔

کھویا ہوا اندھیروں تھا میں کہیں _____

تھی قندمردہ خوراک جانور _____

نور دیا علم آنکھوں نے گویا کا _____

کنگال علم دور ہے وہ جس سے _____

(ج) غیر متعلق لفظ کو علاحدہ کیجئے۔

-1 علم ، عقل، دانش، جہالت ج _____

-2 جنگل، پتے، پوشاک، درخت ج _____

-3 نور، دور، سفر، ڈگر ج _____

-4 سورج، زمین، چاند، ستارے ج _____

(د) اس نظم کو زبانی یاد کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. اس نظم کو غور سے پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

دولت علم سے دامن کو سجاؤ بچو
کھیل میں قیمتی لمحے نہ گنواؤ بچو
اپنے استاد سے تہذیب و تمدن سیکھو
دل میں اخلاق و محبت کو بساؤ بچو
اپنے ماں باپ کی عزت کرو جان و دل سے
ان کے ہر حکم پر سر اپنا جھکاؤ بچو
تم بزرگوں کا ادب چھوٹوں پر شفقت کر کے
سکّہ اخلاق و محبت کا بٹھاؤ بچو
پڑھنے جاؤ تو کرو اپنے بزرگوں کو سلام
اور آداب کرو پڑھ کے جب آؤ بچو
ملک اور قوم کی قسمت کے ستارے تم ہو
ملک اور قوم کی عظمت کو بڑھاؤ بچو
جگ سے نفرت کے اندھیروں کو مٹانے کے لئے
دیپ ہر دل میں محبت کا جلاؤ بچو

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سوالات:

1- دامن کو کس سے سجانا چاہیئے؟
2- اُستاد ہمیں کیا کیا سکھاتے ہیں؟
3- والدین کا ہر حکم کیوں ماننا چاہیئے؟
4- ملک اور قوم کے ستارے کون ہیں؟
5- دنیا سے نفرت کیسے منائی جاسکتی ہے؟
6- اس نظم کو ایک مناسب عنوان دیجئے۔

☆☆☆

اکائی-III
سبق-4

آنندی



آنندی کا اصلی نام جمنا تھا۔ جمنا 1861ء میں مہاراشٹرا کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہوئی۔ 13 سال کی عمر میں اس کی شادی کر دی گئی۔ اس کا شوہر محکمۂ ڈاک میں کلرک تھا۔ اس کا نام گوپال راؤ تھا۔ گوپال راؤ نے جمنا کا نام بدل کر آنندی رکھا۔ آنندی پڑھنا لکھنا نہیں جانتی تھی۔ اس کے شوہر کو آنندی کے ان پڑھ ہونے کا بہت دکھ تھا۔ اس نے آنندی کو پڑھانا شروع کیا۔ وہ بہت ذہین اور محنتی تھی۔ شادی کے ایک سال بعد آنندی ایک بچے کی ماں بن گئی۔

بچے کی پیدائش پر دونوں بہت خوش تھے۔ یہ خوشی بہت دن نہیں رہ پائی۔ ان کا بچہ بیمار ہو کر ایک مہینے میں انتقال کر گیا۔ آنندی کو اس بات کا بہت دکھ تھا کہ وہ اپنی غربت کی وجہ سے بچے کا کسی اچھے ڈاکٹر سے علاج نہیں کروا سکی۔ اس واقعہ کا آنندی کے دل و دماغ پر بہت اثر ہوا۔ اس نے سوچا وہ خود ڈاکٹر بنے گی اور غریبوں کا مفت علاج کرے گی۔ ڈاکٹر بننا آسان نہیں تھا۔ جب دوسروں کو اس کے ارادے کا پتہ چلا تو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

وہ لوگ اس کا مذاق اڑانے لگے۔لیکن آنندی اپنے ارادوں پر قائم رہی۔اس کے شوہر نے اس کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔

آنندی محنت اور لگن سے پڑھائی میں جٹی رہی۔قدرت کو آنندی کی لگن پسند آئی۔اس کے خواب کے پورا ہونے کی صورت پیدا ہوگئی۔انہی دنوں ایک امریکن خاتون ہندوستان آئیں جن کا نام مسز کارپینٹر تھا۔ایک دن آنندی کی ملاقات ان سے ہوئی۔جب مسز کارپینٹر کو معلوم ہوا کہ آنندی ڈاکٹر بننا چاہتی ہے تو انہیں بہت خوشی ہوئی۔کارپینٹر نے آنندی کو امریکہ آنے کی دعوت دی۔آنندی کو اپنا خواب پورا ہوتا دکھائی دیا۔وہ بہت خوش تھی لیکن اپنے شوہر اور رشتہ داروں سے دور ہونے کے خیال سے اداس ہوگئی۔اس اداسی کو دیکھ کر مسز کارپینٹر نے اس کی ہمت بندھائی۔



@PES NOT TO BE REPUBLISHED

اس کے شوہر گوپال راؤ نے بھی سمجھایا۔آنندی نے سوچا کہ وہ ڈاکٹر بن جائے گی تو اپنے ملک واپس آکر غریبوں کا مفت علاج کرے گی۔اس خیال کے آتے ہی وہ امریکہ جانے کے لئے تیار ہوگئی۔مسز کارپینٹر نے اس کی ہر طرح سے مدد کی۔اس نے آنندی کے تمام اخراجات اپنے ذمہ لے لئے اور اس نے آنندی سے کہا کہ وہ اخراجات کی فکر نہ کرے اور اپنے پورا دھیان پڑھائی پر لگائے۔کیوں کہ آنندی کو ڈاکٹر بننا ہے۔

آنندی نے اپنی تعلیم مکمل کر لی اور وہ ڈاکٹر بن گئی۔یہ مارچ 1886ء کی بات ہے۔آنندی بہت خوش

تھی۔ وہ مسز کارپینٹر کی احسان مند تھی جن کی وجہ سے وہ ڈاکٹر بن گئی۔ اسی سال وہ ہندوستان آ گئی۔ اس کے شوہر گوپال راؤ کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔ گھر کے سبھی لوگ بے حد خوش تھے۔ گاؤں کے لوگوں نے ڈاکٹر آنندی کا زبردست استقبال کیا۔ اس نے اپنی لگن اور محنت سے ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔ جو لوگ اس کا مذاق اڑاتے تھے آج اس کی تعریف کرتے نہیں تھکتے تھے۔ اس نے ثابت کر دیا کہ سچی لگن اور محنت ہو تو کوئی بھی کام ناممکن نہیں۔ بلکہ ایسے شخص کی محنت کبھی ضائع نہیں جاتی اور اس کی لگن سے کامیابی کے راستے کھلتے ہیں۔

افسوس کہ ہندوستان واپس آنے کے چند مہینے بعد ڈاکٹر آنندی کا 25 سال کی عمر میں انتقال ہو گیا۔ اس نے اپنی محنت اور لگن سے ایسی روشن مثال قائم کر دی جس سے دوسروں کو ہمیشہ حوصلہ ملتا رہے گا اور یہ جان کر تمہیں خوشی ہوگی کہ آنندی کو ہندوستان کی پہلی خاتون ڈاکٹر ہونے کا افتخار حاصل ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

محکمہ	:	شعبہ، ڈپارٹمنٹ
غربت	:	تنگ دستی، مفلسی
لگن	:	دل لگا کر کام کرنا
اخراجات	:	خرچ
حوصلہ افزائی	:	حوصلہ بڑھانا ہمت بندھانا
ضائع	:	بے کار

ذو معنی لفظ:

ایسا لفظ جس کے دو یا دو سے زیادہ معنی ہوں اور متن یا موقعہ کے تحت بدل جاتے ہوں، ذو معنی لفظ کہلاتا ہے

مثلاً: صورت = چہرہ صورت = حالت

I. ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1- آنندی کا اصل نام کیا تھا؟ وہ کب اور کہاں پیدا ہوئی؟

2- جمنا آنندی کیسے بن گئی؟

3- آنندی کو کس بات کا دکھ تھا؟

4- آنندی کا ارادہ کیا تھا؟

5- امریکن خاتون کا نام کیا تھا؟

6- امریکی خاتون نے آنندی کی کس طرح حوصلہ افزائی کی؟

7- آنندی نے کیا ثابت کر دکھایا؟

8- آنندی کو کس بات کا افتخار حاصل ہوا؟

9- آنندی کا انتقال کس عمر میں ہوا؟

II. جدول میں متضاد الفاظ تلاش کر کے فہرست بنائیے۔

روشن	کاہل	سکھ	بدی	تندرست	حیات	آسان	غم	تذلیل	احسان مند	مکمل	امیر	اچھا
خوشی	تعریف	برا	غریب	احسان فراموش	دکھ	محنتی	تاریک	موت	مشکل	نیکی	بیمار	نامکمل

III. جدول میں ایسے الفاظ ہیں جو ایک دوسرے کی واحد یا جمع ہیں، انہیں تلاش کر کے فہرست بنائیے۔

افراد	مرض	غرباء	دعاء	حوصلے	خرچ	تاریکیاں	غموں	خاتون	کتب	الفاظ	مدارس	انوکھا	تمنائیں
غریب	اخراجات	حوصلہ	تاریکی	حواتین	فرد	تمنا	دعائیں	امراض	انوکھے	مدرسہ	کتاب	لفظ	غم

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

iV. قوسین میں دئے گئے الفاظ میں سے مناسب جواب کا انتخاب کر کے خانہ پری کیجئے۔

1. آنندی کا شوہر محکمہ.....میں کلرک تھا

(سیاحت صحت غذا ڈاک)

2. آنندی کو ڈاکٹری تعلیم حاصل کرنے کے لئے.....جانا پڑا۔

(انگلینڈ امریکہ سوئزرلینڈ آسٹریلیا)

3. مسز کارپینٹر ایک.....تھیں۔

(عربی ٹائیلر فرنچ حسینہ ہندوستانی ملکہ امریکی ڈاکٹر)

4. آنندی کا انتقال.....سال کی عمر میں ہوا

(27 26 25 50)

5. آنندی کا اصلی نام.....تھا۔

(چمپکا، گنگا، جمنا، سرسوتی)

الف اور ب میں جوڑ لگایئے۔

الف		ب
آنندی کا اصلی نام	.1	1886
آنندی کی پیدائش	.2	گوپال راؤ جوشی
آنندی کی وفات	.3	کارپینٹر
امریکی ڈاکٹر	.4	ڈاک کلرک
آنندی کا شوہر	.5	1861
گوپال راؤ جوشی	.6	جمنا

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بچّے کی دعا

نظم پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دُور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہوجا ئے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہوجا ئے

ہومرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زندگی ہو مری پروا نے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
درد مندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

مرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہے اس رہ پہ چلانا مجھ کو

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سوالات:

1- بچّے کے لبوں پر کونسی دعا تمنا بن کر آتی ہے ؟

2- بچّہ دنیا کا اندھیرا کیسے دور کرنا چاہتا ہے ؟

3- بچّہ وطن سے کس طرح محبت کی تمنا کر رہا ہے ؟

4- بچّہ علم کی شمع پہ کیسے قربان ہونا چاہتا ہے ؟

5- بچّہ کس کس سے ہمدردی کرنا چاہتا ہے ؟

6- آخری شعر میں بچہ اللہ سے کیا دعا مانگ رہا ہے ؟



NOT FOR SALE KTBS PUBLISHED

☆☆☆

J9G8R2

اپنا کرناٹک ہے پیارا



NOT TO BE REPUBLISHED

پیاری پیاری اس کی ہوائیں
اچھی اچھی اس کی ادائیں
دلکش دلکش اس کی فضائیں
ابرِکرم ہیں اس کی گھٹائیں

سب سے جدا اور سب سے نیارا
اپنا کرناٹک ہے پیارا

صبحِ بنارس اس کا منظر
شامِ اودھ ہے اس کی خوشتر

سب سے جدا اور سب سے نیارا
اپنا کرناٹک ہے پیارا

چاندی سونے کا یہ مخزن
ہیروں کا بھی ہے یہ معدن

بجلی سے ہر شہر ہے روشن
نور ہے اس کا نورِ یمن

سب سے جدا اور سب سے نیارا
اپنا کرناٹک ہے پیارا

(شاہوار بیگم)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

دلکش : خوبصورت ، دل کو لبھانے والا
فضائیں : ہوائیں
ابر : بادل، گھٹا
خوشتر : اچھا دکھائی دینے والا
نیارا : جداگانہ، علیحدہ، مختلف

اودھ : اتر پردیش میں ایک شہر کا نام۔اس شہر کی شامیں نہایت خوب صورت ہوتی ہیں۔یہ شہر اپنی تہذیب کے لئے ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔

منظر : نظارہ

مخزن : خزانہ، کسی چیز کا اندرونی حصہ

معدن : کان، زمین کی کھدائی کر کے دھاتیں اور کوئلہ نکالنے کی جگہ

بجلی : برق، چمک، برقی قوت

یمن : ملک کا نام

I. ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے

1- ''اپنا کرناٹک ہے پیارا'' کس کی لکھی نظم ہے ؟

2- شاعر کے خیال میں ریاست کرناٹک کیسا ہے؟

II. (الف) واحد، جمع

ہوا + ہوائیں

ادا + ادائیں

فضا + فضائیں

گھٹا + گھٹائیں

منظر + مناظر

ہیرا + ہیرے

نور + انوار

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) ان کی اضداد لکھئے

اچھا ×

جدا ×

خوشبو ×

صبح ×

تاریک ×

(ج) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔

منظر +

انوار +

ہوا +

گھٹائیں +

ہیرا +

فضائیں +

ادا +

(د) خانہ پری کیجئے۔

1- ..... ہیں اس کی گھٹائیں

2- ..... اس کا منظر

3- ..... اس کی خوشتر

4- ..... کا بھی یہ ہے معدن

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

جوڑ لگائیے۔

	الف		ب
.1	دلکش دلکش اس کی فضائیں	.1	ہیروں کا بھی ہے یہ معدن
.2	چاندی سونے کا یہ مخزن	.2	ابر کرم ہیں اس کی گھٹائیں
.3	بجلی سے ہر شہر ہے روشن	.3	اپنا کرناٹک ہے پیارا
.4	سب سے جدا اور سب سے نیارا	.4	نور ہے اس کا نورِ یمن
		.5	اچھی اچھی اس کی ادائیں

IV. اس نظم کو پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

کرناٹک ہے میرا صوبہ
سب صوبوں میں اچھا صوبہ
ٹھنڈی ٹھنڈی اس کی ہوائیں
دِلکش دِلکش اس کی فضائیں
جنگل صحرا ہو یا گلشن

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

روز و شب رہتے ہیں روشن
گلبرگہ میں روضۂ خواجہؒ
قومی یکتا کا ہے ذریعہ
بیجاپور کا گنبد دیکھو
اپنی ہی آواز کو بوجھو
تالابوں ندیوں کا صوبہ
کتنا سندر میرا صوبہ
جنگل شیموگہ کے سندر
جنت جیسا ہر ایک منظر
آؤ بنگلور میسور جائیں
تفریحوں کا لطف اٹھائیں
وہ دھارواڑ کا میٹھا پیڑا
کاروار کا ہے ساحل نیارا
ٹمکور ہاسن چکمگلور
حافظ کر لو سب کا ٹور

(حافظ کرناٹکی)

نوٹ: خط کشیدہ مقامات کے نام یکم نومبر 2014 سے تبدیل کئے گئے ہیں اوراب یہ اس طرح ہیں کلبرگی۔وجئے پور۔شیواموگا۔بنگلورو۔چکامگلورو۔

سوالات:۔

1- گلبرگہ میں کس کا روضہ ہے؟
2- بیجاپور میں کونسا گنبد ہے؟
3- ضلع شیموگہ کس لئے مشہور ہے؟
4- بنگلوراور میسور کس لئے جانا چاہئیے؟
5- دھارواڑ کی کونسی مٹھائی مشہور ہے؟
6- کاروار کس لئے مشہور ہے؟


☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اکائی-III
سبق-6

H4B7G5

کرناٹک کے تاریخی مقامات کی سیر



© RTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پانچویں جماعت کے بچے بہت خوش تھے۔ اسکول کی نمائش میں ان کے ہم جماعت راشد اور عرشیہ کے گول گنبد اور قطب مینار کے ماڈل پر پہلا انعام ملا تھا۔ تب ہی سے ان بچوں پر ریاست کی تاریخی عمارتوں کی سیر کی دھن سوار تھی۔ بچوں کے اصرار پر اسکول انتظامیہ کمیٹی نے ان کی بات مان لی۔

ایک چھوٹا سا قافلہ شمال مشرقی کرناٹک کی سیر کے لئے نکل پڑا۔ اس سیر کا آغاز شہر وجئے پور سے ہوا جو عادل شاہی سلطنت کا پایہ تخت تھا۔ تاریخی عمارتوں کی وجہ سے اس شہر کو دنیا بھر میں شہرت حاصل ہے۔ اپنے گاؤں سے نکلے ہوئے یہ بچے جوش و خروش کے ساتھ استاد کی رہبری میں گول گنبد پہنچے۔ گول گنبد دیکھ کر سب کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔ قریب کھڑے ہوئے عقیل نے کہا افواہ! کیا غضب کا گنبد ہے! درمیان میں بڑا سا گنبد اور اس کے چار مینار، گویا اس کی نگہبانی کر رہے ہیں۔ ابھی یہ لوگ اندر جانے کے

لئے قدم آگے بڑھا ہی رہے تھے کہ ایک گائیڈ بھاگتا ہوا آیا۔ استاد نے اس کی خدمت حاصل کی۔ وہ فرفر گول گنبد کی تاریخ بتاتا رہا۔

بچو! گول گنبد محمد عادل شاہ کا مقبرہ ہے۔ 30 سال میں اس کی تعمیر مکمل ہوئی۔ اس کی اونچائی 177 فیٹ ہے۔ اندرونی گنبد کا قد 144 فیٹ ہے۔ اور اندرونی حصار 24.5 فٹ ہے۔ یہ دنیا کے چار بڑے گنبدوں میں سے ایک ہے۔ نوشین نے گائیڈ سے سوال کیا ''چاچا! یہ گنبد تو بغیر ستون کے کھڑا ہے'' وہ کیسے؟ گائیڈ نے استاد سے کہا ''جناب بچّی بڑی ہوشیار ہے۔ یہی تو اس کی خوبی ہے۔ میں ایک اور بات بتاتا ہوں جسے سن کر تمہاری عقل دنگ رہ جائے گی۔ بچو! تم میں دو چار یہاں کھڑے رہنا۔ میں ان بچوں کو لے کر اس سرے پر جاتا ہوں اور اپنی گھڑی وہاں رکھ دیتا ہوں۔ تم سب حصار کی منڈیر پر اپنے کان لگائے رکھنا''۔ گائیڈ کی یہ باتیں سن کر بچوں کا تجسّس اور بڑھا۔ جب گائیڈ وہاں پہنچ گیا، تب منڈیر پر کان لگا دئے۔ اب انہیں گھڑی کی آواز صاف سنائی دے رہی تھی۔ استاد نے کہا ''بچو! یہ سب فن تعمیر کا کمال ہے۔ تم ذرا اپنے ساتھیوں کو آواز دینا یہ آواز تمہیں سات بار سنائی دے گی۔ اسی لئے تو اسے 'بولی گنبد' کہا جاتا ہے۔ یہ دنیا کے عجائبات میں سے ایک ہے''۔ بچوں کو یہ لمحے خواب سے لگ رہے تھے۔ سارے بچّے اپنا نام لے کر آواز لگا رہے تھے۔ گول گنبد سے نکل کر یہ چھوٹا سا قافلہ جامع مسجد کی طرف نکل پڑا۔

راستے پر چلتے چلتے استاد یہاں کی دوسری تاریخی عمارتوں کے بارے میں بتانے لگے۔ علی عادل شاہ اوّل نے جامع مسجد تعمیر کی۔ یہ مسجد 1656ء میں مکمل ہوئی۔ اس کے اندرونی محراب کو علی عادل شاہ ہفتم نے سونے کا ملمع کروایا۔ آج بھی یہاں نماز ادا کی جاتی ہے۔ ابراہیم روضہ کو ابراہیم عادل شاہ نے 1636ء میں اپنی بیوی کے لئے بنوایا تھا۔ افسوس اس کے مکمل ہوتے ہی بادشاہ کا انتقال ہوگیا۔ بیوی نے اس کا نام ''ابراہیم روضہ'' ہی رکھا۔ وجئے پور کا مَلک میدان، جوڑ گنبد اور تاج باؤلی بھی مشہور ہے۔ یہاں بہت بڑی توپ ہے جو احمد نگر میں پانچ دھاتوں سے تیار کی گئی ہے۔ چودہ فیٹ لمبی اور پچپن ٹن وزنی ہے۔ اس شہر سے تقریباً 134 کلومیٹر کے فاصلے پر پتھر میں تراشے گئے منادر بھی ہیں۔ آئی ہولے، بادامی اور پٹدکل میں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چالوکیہ حکومت کی بنائی ہوئی عمارتیں ہیں۔

دوسرے دن تقریباً چار پانچ گھنٹے طویل سفر کے بعد کلبرگی پہنچے۔ یہاں دوپہر کا کھانا کھایا اور سٹی بس سے جامع مسجد پہنچے۔ یہ مسجد اسپین کی مسجد کے نمونہ پر بنائی گئی ہے۔ درگاہ جاتے ہوئے راستے میں سات گنبد کو دیکھ کر کسی بچے نے استاد سے پوچھا ''جناب یہ سارے گنبد قریب قریب کیوں بنائے گئے ہیں''۔ استاد نے بتایا یہ بہمنی خاندان کے بادشاہوں کے سات مقبرے ہیں۔ انہیں ہفت گنبد کہتے ہیں۔ درگاہ پہنچنے کے بعد استاد کہنے لگے۔ ''بچو! اب تک تم سب بادشاہوں کی بنائی ہوئی عمارتوں کو دیکھ رہے تھے، اب صوفی اور اولیاء کی شان بھی دیکھو۔ یہ درگاہ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ کی ہے۔ جو اسلام کی تبلیغ کے لئے دہلی سے یہاں آئے۔ وہ دیکھو درگاہ کے صدر دروازے پر کمان میں اللہ اور رسول لکھا ہوا ہے، اوپری حصے پر ایک فارسی کا شعر کندہ ہے۔

درگاہ کے وسیع احاطے میں گھومتے ہوئے کتب خانے کے پاس پہنچے۔ استاد نے بتایا کہ اس کتب خانے میں دس ہزار کتابیں موجود ہیں۔ درگاہ میں بچوں نے کافی وقت گذارا۔ چلتے چلتے بچوں نے چوڑیاں، مہندی، مصالحے خریدے۔ کھلونوں کی دکان پر سانپ سیڑھی اور بڑی سی گیند خریدی۔ پھر سارے بچے قیام گاہ سے اپنا سامان لے کر بس اسٹانڈ پہنچے کیونکہ انہیں اس سفر کی آخری منزل کی طرف جانا تھا، یہ قافلہ بیدر کی طرف روانہ ہوگیا۔

بس میں بیٹھتے ہی چند بچے سو گئے۔ بچوں نے اپنی اپنی ٹولیاں بنالیں، کوئی گانے میں تو کوئی قدرتی مناظر دیکھنے میں مصروف ہوگیا، بس اسٹانڈ پر رکی، وہاں ''کیلے کیلے! کملاپور کے لال کیلے'' کی آواز لگاتے ہوئے کئی چھوٹے بڑے لڑکے بس میں گھس آئے، سونے والوں کی آنکھ کھل گئی، بچوں نے استاد سے پوچھا آخر چاروں طرف سے کیلے والے کیوں ٹوٹ پڑے ہیں۔ استاد نے بتایا ''یہ چھوٹا سا گاؤں کملاپور، کیلے کی کاشت کے لئے مشہور ہے۔'' استاد نے بچوں کے لئے کیلے خریدے اور بس چل پڑی۔ بیدر پہنچنے تک سات بج گئے۔ بچے دیر رات تک کہانیاں اور لطیفے سناتے رہے۔ آخر استاد کے اصرار پر

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سو گئے ۔صبح سب کی آنکھ دیر سے کھلی ۔ وہ تیار ہو کر قلعہ کی طرف چل پڑے ۔اس قافلے میں استاد کے ایک دوست بھی شامل ہو گئے ۔ وہ یہاں کی تاریخی عمارتوں کے بارے میں بتانے لگے ۔ بیدر کا قلعہ پندرھویں صدی کی یادگار ہے ۔ یہاں مقبرے اور توپیں موجود ہیں، یہ شاہی محل ہے ۔ یہ دیوان عام ہے، وہ ٹوٹی ہوئی دیواریں شاہی حمام اور باورچی خانے کی ہیں ۔ان ٹوٹی ہوئی عمارتوں میں بچوں کے لئے کوئی دلچسپی نہیں تھی ۔قلعہ اور مسجد دیکھنے کے بعد سبھی لوگ محمود گاواں کے مدرسے پہنچے ۔ راشد نے سوال کیا۔'' جناب اس عمارت کی کیا خصوصیت ہے ؟ استاد'' دراصل یہ قدیم جامعہ کی عمارت ہے جہاں اساتذہ اور طلبہ کی رہائش گاہ کا انتظام تھا ۔ دور دراز سے طلبہ علوم وفنون حاصل کرنے یہاں آیا کرتے تھے ۔فرید نے کہا'' کاش ایسی عمارت ہمارے مدرسے کی بھی ہوتی''۔

استاد نے فرید کا جملہ سن کر کہا'' بچو! اب تم چھوٹے مدرسے میں پڑھ رہے ہو، خوب محنت کرو گے اور جی لگا کر پڑھو گے تو آگے تمہیں بڑے اور اچھے کالجوں میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملے گا ۔ مجھ سے وعدہ کرو کہ تم سب اس خواب کو حقیقت میں بدل دو گے ۔'' سب بچّوں نے کہا۔'' ان شاءاللہ جناب ! ہم خوب محنت کریں گے ۔''

یہاں سے سب لوگ بازار پہنچے، جہاں بیدری کام کی دکانیں دیکھیں ۔کالی مٹی میں چاندی کے کام کی مختلف چیزیں موجود تھیں ۔ کسی نے کنجی کا گچھا خریدا تو کسی نے کان کی بالیاں لیں اور کسی نے کوزہ خریدا۔

بہر حال سب لوگ خریداری کر کے اپنی قیام گاہ پہنچے اور اسٹیشن کی طرف روانہ ہوئے اس طرح ان کا یادگار سفر بخیر وخوبی ختم ہوا۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

الفاظ و معنی:

قافلہ : مسافروں کا گروہ

آغاز : ابتداء

رہبری : راستہ بتانا

اصرار : تاکید

نگہبان : نگرانی کرنے والا

ضائع : بے کار

نظارہ : دیکھنا، نظر ڈالنا

ستون : کھمبا

حصار : احاطہ، چاردیواری

رہائش : قیام

وسیع : چوڑا، پھیلا ہوا

ٹولیاں : گروہ، جماعت

سرا : کنارہ، کسی چیز یا جگہ کا آخری حصہ

شہرت : ناموری، چرچا

دھن : خیال

ماڈل : نمونہ، نقشہ

گائیڈ : رہنما، رہبر

مقبرہ : وہ عمارت جو قبر پر بنائی گئی ہو

عجائبات : حیرت میں ڈالنے والی اشیاء، عجیب کی جمع

کندہ کرنا : کھودنا، قلم کاری کرنا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. (الف) ان سوالات کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

-1 راشد اور عرشیہ کو کس ماڈل پر انعام ملا تھا ؟

-2 تعلیمی سفر کا آغاز کہاں سے ہوا ؟

-3 گول گنبد کی خصوصیت کیا ہے ؟

-4 کلبرگی کی جامع مسجد کس مسجد کے نمونے پر بنائی گئی ہے ؟

-5 محمود گاواں کا مدرسہ کہاں ہے ؟

(ب) ان کی جمع لکھئے۔

1. عمارت +
2. مسجد +
3. استاد +
4. نظارہ +
5. وقت +
6. خدمت +
7. مقبرہ +
8. گنبد +
9. تاریخ +
10. دھات +

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج) اضداد لکھئے۔

1- خوشی ×

2- نفرت ×

3- آغاز ×

4- نفع ×

5- جدید ×

6- شہرت ×

7- لمبائی ×

8- صاف ×

9- خوشبو ×

IV. (الف) ذیل میں دیئے گئے بے ترتیب حروف کی صحیح ترتیب دے کر تاریخی عمارتوں کے نام لکھئے۔

مثال کے مطابق: ج ا ۔ ح ۔ ل ۔ م ۔ ت

تاج محل

1- چ ۔ ا ۔ ی ۔ م ۔ ا ۔ ر ۔ ن

2- ل ۔ ہ ۔ق ۔ ا۔ ع ۔ ل ۔ ل

3- ب ۔ ق ۔ ط ۔ ا ۔ ن ۔ م ۔ ی ۔ ر

4- و ۔ گ ۔ ل ۔ ن ۔ ب ۔ گ ۔ د

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) ان الفاظ کو ملا کر لکھئے اور ان کے معنی بتایئے ۔

مثال: ق د م قدم

1- ک ر م .....

2- ج م ا ل .....

3- ہ م د ر د .....

4- ک ا م ر ا ن .....

5- ح ی ا ت .....

6- ع ر ض .....

7- ہ ا تھ ب ٹ ا ن ا.....

(چ) قوسین میں دئے گئے مناسب الفاظ سے خانہ پُری کیجئے۔

1- گول گنبد ..... کا مقبرہ ہے ۔

(ابراہیم عادل شاہ علی شاہ محمد محمد عادل شاہ)

2- ''جناب یہ سارے ..... قریب قریب کس لئے بنائے گئے ہیں''!

(قبریں، گنبد، چبوترے)

3- بیدر کا قلعہ ..... صدی کی یادگار ہے۔

(بارھویں، چودھویں، پندرھویں)

4- علی عادل شاہ اوّل نے ..... تعمیر کروائی۔

(جامع مسجد، چارکمان، ابراہیم روضہ)

5- حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ اسلام کی تبلیغ کے لئے ..... سے یہاں آئے۔

(لکھنؤ، دہلی، اجمیر)

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مضمون پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھئے اور ایک عنوان تجویز کیجئے۔

ہمارا ملک بڑا قدیم ہے۔ یہاں کی روایات بہت قدیم اور قابل فخر ہیں۔ ویاس اور والمیکی جیسے رشی منی، رام اور کرشن جیسے عظیم انسان، اشوک، اکبر اور شیو جی جیسے بادشاہ، معین الدین چشتیؒ، کبیر، خواجہ سلیم چشتیؒ، بندہ نوازؒ جیسے صوفیوں اور سنتوں نے ان روایات کو زندہ و تابندہ رکھا۔ اس کا سب سے قدیم نام اس وقت کے مشہور راجہ کے نام پر ''بھارت'' رکھا گیا۔ بعد میں اسے ہندوستان بھی کہا جانے لگا۔

ہمارا ملک بہت عظیم الشان ہے۔ اس کے شمال میں ہمالیہ پہاڑ ہے۔ جنوب میں بحر ہند موجزن ہے اور مغرب میں بحرِ عرب ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ گنگا، جمنا، برہمپترا، گوداوری، نرمدا، تنگا بھدرا کرشنا، کاویری وغیرہ ندیاں اس ملک کو ہرا بھرا رکھے ہوئے ہیں۔ ہم نے کئی ندیوں پر بڑے بڑے باندھ باندھے ہیں جس سے کھیتوں کی سینچائی کے علاوہ بجلی (برقی) کی ضروریات بھی پوری ہو رہی ہیں۔

دہلی بھارت کی راجدھانی ہے۔ یہ بڑا قدیم شہر ہے۔ یہ کئی بادشاہوں کا پایۂ تخت رہ چکا ہے۔ یہاں سے بہت قریب آگرہ شہر ہے جہاں دنیا کی مشہور عمارت تاج محل ہے جس کو دیکھنے کے لئے لوگ دور دور سے آتے ہیں۔ دہلی کے علاوہ کولکتہ، ممبئی، چنئی، احمد آباد، کانپور، حیدرآباد، بنگلور وغیرہ بھارت کے بڑے شہر ہیں۔ ہمارے ملک کے زیادہ تر لوگ گاؤں میں رہتے ہیں۔

بھارت میں 29 ریاستیں ہیں۔ ان ریاستوں (صوبوں) کی زبانیں، رسم و رواج، رہن سہن، لباس، غذا وغیرہ مختلف ہیں۔ یہاں ہندو، مسلمان، پارسی، سکھ، عیسائی وغیرہ کئی مذاہب کے لوگ آباد ہیں۔ دنیا میں انڈونیشیا کے بعد بھارت میں مسلمانوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ یہاں تمام مذاہب کے لوگ مل جل کر رہتے ہیں۔

ہمارا تمدن قدیم اور شاندار ہے۔ یہاں کے لوگ خدمت، ایثار، ریاضت کے اصولوں پر چلنے والے

© KBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہیں۔ یہاں مختلف مذاہب، مختلف قوموں اور نسل کے لوگ آئے اور یہیں کے ہو کر رہ گئے۔

آج ہمارا ملک ترقی کی نئی منزلیں طئے کر رہا ہے۔ ہم نے صنعت و حرفت، تجارت اور زراعت میں بڑی ترقی کی ہے۔ آج ہم اناج کے معاملے میں خود کفیل ہیں۔ پھر بھی ہمیں ابھی امریکہ، روس، جاپان، فرانس وغیرہ جیسے ترقی یافتہ ممالک کے برابر پہنچنے کے لئے کڑی محنت کی ضرورت ہے۔

سوالات:

1- ہمارے ملک کا پرانا نام کیا تھا ؟

2- ہمارے ملک میں پیدا ہونے والی اہم شخصیتوں کے نام لکھئے ؟

3- ہندوستان کا مختصر جغرافیہ بیان کیجئے؟

4- ہندوستان کی راجدھانی کونسی ہے؟

5- تاج محل کہاں واقع ہے؟

6- بھارت میں کل کتنی ریاستیں ہیں؟

7- صنعت میں ہمارا ملک کس مقام پر ہے؟

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I3J2B5

سارے جہاں سے اچھّا

سا رے جہاں سے اچھّا ہندوستاں ہما را
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہما را

غربت میں ہوں اگر ہم رہتا ہے دل وطن میں
سمجھو وہیں ہمیں بھی ، دل ہو جہاں ہما را

پربت وہ سب سے او نچا ہمسا یہ آسماں کا
وہ سنتری ہمارا وہ پاسباں ہمارا

گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزا روں ندیاں
گلشن ہے جن کے دم سے رشکِ جناں ہما را

اے آبِ رودِ گنگا وہ دن ہے یاد تجھ کو
اترا ترے کنارے جب کارواں ہمارا

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا
ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستان ہمارا

یونان ،مصرو روما سب مٹ گئے جہاں سے
اب تک مگر ہے باقی نام و نشاں ہمارا

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

ہمسایہ : پڑوسی

جہاں : دُنیا

گلستان : باغ، چمن

غربت : وطن سے دور

گودی : آغوش، گود

بیر : بغض، عداوت، کینہ

رواں : بہتا ہوا، جاری

کارواں : قافلہ، مسافروں کا مجموعہ

سنتری: پاسباں، رکھوالا

I. ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

-1 شاعر کے مطابق غربت میں رہنے پر بھی دل کہاں رہتا ہے ؟

-2 کون کونسے ملک اس جہاں سے مٹ گئے ؟

-3 ''ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستان ہمارا'' اس کا مطلب کیا ہے ؟

-4 ''سارے جہاں سے اچھا'' کس کی لکھی نظم ہے ؟

II. (الف) 'وٗ یا 'ـِـ' لگا کر ان الفاظ کو مرکب بنایئے۔

- رشک + جناں .....
- نام + نشاں .....
- آب + رود .....
- یونان + مصر .....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) جملوں میں استعمال کیجئے۔

پربت = ...

پاسبان = ...

بلبلیں = ...

مذہب = ...

بیر = ...

ہندی = ...

(ج) غیر متعلق لفظ کو الگ کر کے لکھئے۔

1- دنیا ، جہاں ، عالم ، گلشن

ج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2- فجر ، یونان ، مصر ، روم

ج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

3- چمن ، دشمن ، گلستان ، باغ

ج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

4- گنگا ، جمنا ، ہاویری ، کاویری

ج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د) خانہ پری کیجئے۔

☆ ہم ..... ہیں اس کی یہ ..... ہمارا

☆ ..... میں کھیلتی ہیں اس کی ..... ندیاں

☆ ..... گنگا وہ دن ہے یاد تجھ کو

☆ ..... نہیں سکھاتا آپس میں ..... رکھنا

☆ اب تک مگر ہے باقی ..... ہمارا

(ھ) مثال کے مطابق ان کے ہم معنی الفاظ لکھئے۔

مثال: = گلستان چمن باغ گلشن

وطن : =

پربت : =

بیر : =

پاسبان : =

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

ہمارا قومی جھنڈا

II

مضمون پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔



ہمارا ترنگا جھنڈا قومی یکتا، رواداری، میل ومحبت اور شان وشوکت کا مظہر ہے۔ ہندوستان کے عوام اس جھنڈے کو جان سے زیادہ پیار کرتے ہیں۔اس کی شان وعظمت کو برقرار رکھنے کی خاطر وہ اپنی جان کی بازی بھی لگا دیتے ہیں۔ بے شمار قربانیوں کے بعد ہم ہندوستانیوں نے آزادی کی دولت پائی۔ یہ جھنڈا ہماری آزادی کا اعلان ہے۔اس کے سائے میں رہ کر ہمارے اندر خود اعتمادی، ہمت اور ترقی کا شوق وولولہ پیدا ہوتا ہے۔

ہمارا قومی جھنڈا مستطیل نما ہے۔اس کی چوڑائی اور لمبائی کا تناسب ۲اور۳ ہے۔ چوڑائی کے تین برابر حصے کئے گئے ہیں۔ جو تین الگ الگ رنگوں کی وجہ تین پٹیوں کی شکل میں دکھائی پڑتے ہیں۔سب سے اوپر کی پٹی زعفرانی (کیسری) رنگ کی ہے۔ یہ رنگ ہمارے اندر ہمت اور قربانی کے جذبے کو ابھارتا ہے۔ درمیانی پٹی سفید ہے۔ یہ رنگ سچائی اور پاکیزگی کی تعلیم دیتا ہے۔ یہ ہمیں سچ بولنے، خوش اخلاق بننے اور ظلم سے بچنے کا سبق سکھاتا ہے۔سب سے نیچے کی پٹی گہرے ہرے رنگ کی ہے۔ یہ رنگ ہمیں خوشحال اور خوش آئند زندگی کی خبر دیتا ہے۔ یہ ہمیں سکھاتا ہے کہ کھیتی باڑی اور صنعت حرفت کو ترقی دے کر ملک سے غریبی دور بھگائیں۔تین رنگ کا ہونے کی وجہ سے یہ ترنگا جھنڈا کہلاتا ہے۔شریمتی سروجنی نائڈو نے سفید رنگ کو پاکیزگی اور سادگی کا رنگ بتایا ہے۔ ہرا رنگ اعتماد اور یقین کا رنگ ہے۔اور زعفرانی رنگ ہمت اور مستحکم ارادے کو ظاہر کرتا ہے۔

آج کل اس کی تشریح یوں کی جارہی ہے کہ کیسریا رنگ ایمانداری اور سچائی کا ہے۔ ہرا رنگ ہمت اور آزادی کا ہے۔اور سفید رنگ امن وشانتی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جھنڈا لہرانے، اتارنے، جھکانے اور سلامی دینے سے متعلق حکومتِ ہند نے کچھ اصول بنا دئے ہیں۔ اس کے مطابق کسی آدمی یا کسی چیز کی تعظیم میں قومی جھنڈے کو جھکایا نہیں جا سکتا۔

جھنڈا قومی ایکتا کا نشان ہے۔ یہ لوگوں کے دلوں میں ملک کی محبت اور وفاداری پیدا کرتا ہے۔ اور مادر وطن پر بے دریغ قربان ہو جانے کی طاقت اسی سے حاصل ہوتی ہے۔ ہر ملک کا اپنا قومی جھنڈا ہوتا ہے۔ جو ان کی آزادی، قومیت، رواداری اور محبت کا علمبردار ہوتا ہے۔ قومی جھنڈے کا احترام اپنے مادر وطن کے احترام کے برابر ہے۔

1- ہمارا قومی جھنڈا کس بات کا مظہر ہے ؟

2- جھنڈا عام طور پر کیسا ہوتا ہے ؟


3- قومی جھنڈے میں تین الگ الگ رنگوں کا کیا مطلب ہے ؟

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆☆

L2P9H4

بھارت رتن



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عماد نے جب سے یہ خبر ٹیلی ویژن پر دیکھی اور اخباروں میں پڑھی تھی کہ ''بھارت رتن ایوارڈ'' کی دوڑ میں سچن تینڈولکر بھی شامل ہیں۔ اس کے دماغ میں بھارت رتن ایوارڈ سے متعلق جانکاری حاصل کرنے کی بے چینی بڑھ گئی تھی۔ اس نے سوچا کہ وہ آج ہی استاد سے معلومات حاصل کرے گا۔

عماد: جناب! یہ بھارت رتن کیا ہوتا ہے؟

استاد: (عماد کی تعریف کرتے ہوئے) بہت خوب! تم نے بہت اچھا اور اہم سوال کیا ہے؟ آج ہم اس سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

پیارے بچّو! تم نے دیکھا ہوگا کہ چند خاص موقعوں پر مدرسے میں کئی قسم کے ادبی اور کھیل کود وغیرہ کے مقابلوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اپنی پسند اور صلاحیت کے مطابق بچے ان مقابلوں میں حصہ لیتے ہیں۔

ان مقابلوں میں جیتنے والے بچوں کو انعامات دئے جاتے ہیں۔ یہ انعامات بچوں کا حوصلہ بڑھاتے ہیں۔ ان بچوں میں زندگی کے ہر مرحلہ پر کچھ نہ کچھ کرنے اور ترقی پانے کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔

عماد! لیکن جناب! بھارت رتن سے ان کا کیا تعلق ہے؟

استاد: تم بہت بے صبر ہو۔ ابھی میں یہی بتا رہا تھا۔ کس بھی ملک کی ترقی، عزت اور عظمت کی بنیاد اس کے شہریوں اور ان کے کارناموں پر قائم ہوتی ہے۔ ہر ملک اپنے شہریوں کی نمایاں خدمات کو سراہتا اور ان کی عزت افزائی کرتا ہے۔ بادشاہوں کے زمانے میں شہریوں کی نمایاں خدمات کے لئے انہیں خطابات سے نوازا جاتا تھا۔ اور انہیں جاگیریں عطا کی جاتی تھیں۔ زمانہ بدل چکا ہے، حکومتوں کا نظام بدل گیا ہے۔ اب جاگیر اور خطابات کی جگہ اعزازات نے لے لی ہے۔ حکومت زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والوں کو اعزازات سے نوازتی ہے۔

بھگت: تو کیا بھارت رتن ایک اعزاز ہے.....؟

استاد: بالکل! آزادی کے بعد سے حکومت ہند زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیتوں کو مختلف اعزازات اور انعامات دیتی ہے۔ جیسے پدم شری، پدم بھوشن، بھارت رتن وغیرہ، یہ اعزازات خطابات کا درجہ رکھتے ہیں۔

عماد: جناب! سچن تینڈولکر، مہندر سنگھ دھونی اور ظہیر خان کو کھیل رتن ایوارڈ مل چکا ہے.....!!

استاد: بہت خوب ! تم نے بہت ہی اچھی بات بتائی ہے۔ کھیل رتن ایوارڈ دراصل کھیل کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دینے اور وطن کا نام روشن کرنے والے کھلاڑیوں کو دیا جاتا ہے جبکہ پدم شری، پدم بھوشن، بھارت رتن، ادب تہذیب وتمدّن، موسیقی، عوامی خدمت وغیرہ کے میدان میں نمایاں خدمت کے لئے دئے جانے والے اعزازات ہیں۔ بھارت رتن ملک کا اعلیٰ ترین ایوارڈ ہے، جو سب سے اعلیٰ اور نمایاں خدمت کے لئے شہریوں کو دیا جاتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

سریش: جناب بھارت رتن کے کیا معنی ہیں؟

استاد: آپ جانتے ہیں کہ بھارت کو ہندوستان یا ہند بھی کہا جاتا ہے۔ ہندی میں ''رتن'' کے معنی ''جوہر یا ہیرے'' کے ہیں۔ اس طرح ''بھارت رتن'' کا مطلب ہوا ''جوہر ہند'' یعنی ''ہندوستان کا ہیرا''

شاید: جناب! کیا حکومت کی جانب سے اور اعزازات بھی دئے جاتے ہیں؟

استاد: یقیناً! ان اعزازت کے علاوہ بھی کئی ایوارڈ مختلف میدانوں میں شہریوں کو ان کی نمایاں خدمات کے لئے دئے جاتے ہیں۔ جیسے اندرا گاندھی امن ایوارڈ، سولہ سال کی عمر تک کے بچّوں کے لئے قومی بہادری ایوارڈ، اور فوجیوں کو وطن کی حفاظت کے لئے ان کی خدمات کے اعتراف میں ویر چکر، پرم ویر چکر وغیرہ ایوارڈ، ادب کے میدان میں گیان پیٹھ ایوارڈ وغیرہ اعلیٰ ترین ایوارڈ ہیں۔ فلموں میں اعلیٰ ترین خدمت کے لئے دادا صاحب پھالکے ایوارڈ دیا جاتا ہے۔



مصباح: جناب بھارت رتن ایوارڈ پہلی مرتبہ کب اور کس کو دیا گیا؟

استاد: بھارت رتن ایوارڈ ہندوستان میں پہلی مرتبہ 1954ء میں ہندوستان کے دوسرے صدر سروا پلی رادھا کرشنن کو دیا گیا۔ اسی سال ہندوستان کے آخری گورنر جنرل اور تحریک آزادی کے مجاہد گورنر شری راج گوپال آچاریہ اور مایہ ناز سائنس دان سر۔سی وی رامن کو سائنس کے میدان

میں ان کی خدمات کے اعتراف میں بھارت رتن ایوارڈ دیا گیا۔

عماد: جناب! بھارت رتن ایوارڈ کیا صرف ہندوستانی شہری کو ہی دیا جاتا ہے؟

استاد: بہت خوب! پہلے پہل یہ ایوارڈ صرف ہندوستانیوں کو ہی دیا جاتا تھا۔ لیکن 1980ء میں پہلی مرتبہ اطالوی شہری مدر ترسیا کو جو بعد میں ہندوستانی شہری بن گئیں، بھارت رتن ایواڈ دیا گیا۔ 1987ء میں افغانی شہری خان عبدالغفار خان کو عوامی خدمت کے لئے یہ ایوارڈ دیا گیا۔ خان عبدالغفار خان کو دنیا ''سرحدی گاندھی'' کے نام سے جانتی ہے۔ 1990ء کو جنوبی افریقہ کے سابق صدر نیلسن منڈیلا کو انسانی حقوق کی بحالی کے لئے بھارت رتن ایوارڈ دیا گیا۔

فرحان: جناب! بھارت رتن ایوارڈ اب تک کتنے افراد کو دیا گیا ہے؟

استاد: 1954ء سے اب تک بھارت رتن ایوارڈ کل اکتالیس افراد کو دیا گیا ہے۔

جُولی: جناب! کیا بھارت رتن ایوارڈ کسی شخص کو اس کی موت کے بعد بھی دیا جاتا ہے؟

استاد: ہاں! بالکل!! ہندوستان میں اب تک گیارہ افراد کو زندگی میں ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے موت کے بعد بھارت رتن ایوارڈ دیا گیا ہے۔ کسی کو مرنے کے بعد دئے جانے والے ایوارڈ کو ''بعد از مرگ'' کہا جاتا ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ و معنی:

مایہ ناز	:	جس پر ناز کیا جائے
تفویض	:	اعزاز عطا کرنا، سپرد کرنا
کارنامہ	:	ایسا کام جس کی سب تعریف کریں
نمایاں	:	واضح، صاف
اعتراف	:	مان لینا، اقرار کرنا
صلاحیت	:	لیاقت، قابلیت

خطاب : سرکار کی جانب سے دیا جانے والا اعزازی نام

بہادری : دلیری، جوانمردی

سابق : پرانا، پچھلا

اعزاز : رتبہ، مرتبہ

I. ان سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1- بھارت رتن کے کیا معنی ہیں ؟

2- ہندوستان کا اعلیٰ ترین ایوارڈ کونسا ہے؟

3- بھارت رتن ایوارڈ پہلی مرتبہ کب پیش کیا گیا؟

4- کھیل رتن ایوارڈ پانے والے دو کھلاڑیوں کے نام لکھئے؟

5- اب تک کل کتنے بھارت رتن ایوارڈ دئے گئے ہیں؟

II. ان کی اضداد لکھئے۔

1- تعریف =

2- صبر =

3- عزت =

4- موت =

5- انجام =

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

1- اخبار 2- ایوارڈ 3- شعبے 4- اعزاز

(ج) واحد لکھئے۔

1- خدمات = ☐ 2- انعامات = ☐

3- کارنامے = ☐ 4- شعبے = ☐ 5- شخصیات = ☐

(د) خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔

1- سال 1980 کا بھارت رتن ایوارڈ .....کو دیا گیا۔

2- کھیل کے میدان میں نمایاں خدمات کے لئے .....ایوارڈ دیا جاتا ہے

3- ملک کا اعلیٰ ترین ایوارڈ .....ہے۔

4- ادب کے میدان میں .....ایوارڈ دیا جاتا ہے

5- سائنس کے میدان میں .....کو بھارت رتن ایوارڈ سے نوازا گیا۔



مولانا ابوالکلام آزاد

مضمون پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

مولانا ابوالکلام آزاد کا اصل نام سید محی الدین تھا۔ آپ 11 نومبر 1888ء کو مکہ معظّمہ میں پیدا ہوئے۔ والد دلّی کے اور والدہ مکہ کی رہنے والی تھیں۔ ان کی والدہ نہایت نیک، پارسا اور تعلیم یافتہ خاتون تھیں۔ انہوں نے آزاد کو دینی اور دنیاوی تعلیم دی اور ان کی بہترین تربیت کی۔

مولانا آزاد بچپن ہی سے بہت ذہین تھے۔ اردو، عربی اور فارسی میں بہت جلد مہارت حاصل کر لی۔ گہرا مطالعہ ان کے علم میں اضافے کا باعث بنا۔ قوت حافظہ بھی غیر معمولی تھا۔ 12 سال کی عمر میں شعر کہنا

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

شروع کیا، 18 سال کی عمر میں اخبار روزنامہ ''وکیل'' امرتسر کے مدیر مقرر ہوئے۔ ملک کی آزادی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اسی پاداش میں کئی مرتبہ جیل جانا پڑا۔ مہاتما گاندھی جی، پنڈت جواہر لال نہرو وغیرہ جیسے بڑے رہنما ان کی بہت عزت کرتے تھے۔ آپ انڈین نیشنل کانگریس کے صدر بھی مقرر ہوئے۔

ابوالکلام آزاد ایک زبردست عالم، مفکر اور بہت بڑے لیڈر تھے۔ تحریر کے ساتھ ساتھ تقریر پر بھی مکمل عبور حاصل تھا۔ مولانا آزاد کو آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم ہونے کا شرف حاصل ہے۔ وزیر تعلیم کی حیثیت سے انہوں نے جو تبدیلیاں لائیں ان پر آج بھی عمل کیا جاتا ہے۔ مولانا آزاد کا انتقال 22 فروری 1958ء کو دلّی میں ہوا۔ جامع مسجد دلّی کے سامنے اردو پارک میں آپ کا مزار ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سوالات:

1- مولانا ابوالکلام آزاد کا اصل نام کیا تھا ؟
2- مولانا ابوالکلام آزاد کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟
3- مولانا آزاد کب اور کس اخبار کے مدیر مقرر ہوئے ؟
4- مولانا آزاد کن کن عہدوں پر فائز رہے ؟
5- مولانا آزاد کا انتقال کب اور کہاں ہوا ؟
6- مولانا آزاد کا مزار کہاں واقع ہے ؟
7- مولانا آزاد کی خوبیاں اپنے الفاظ میں بیان کیجئے ؟

☆☆☆

اکائی-V
سبق-9

K1W4C8

سائنس کی باتیں

شاد اعظمی ندوی



انسان کو فضا میں اڑنا سکھا دیا ہے
دھرتی کو آسماں سے ، اس نے ملا دیا ہے

برسوں کی دُوریوں کو ، تحلیل کر دیا ہے
لمبی مسافتوں کو ، تبدیل کر دیا ہے

پھیلی ہوئی زمین کی ، وسعت بہت گھٹادی
''نیٹ'' نے تو ساری دنیا، ایک گاؤں سی بنادی

بجلی نے روز و شب کا ، انتر مٹا دیا ہے
راتوں کی تیرگی میں ،سورج اگا دیا ہے

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

گرمی کی شدّتوں کا ، احساس کم ہوا ہے
جاڑے میاں کا سر بھی ، آخر کو خم ہوا ہے

اب ہر طرح کے موسم میں ہر طرف کا پھل ہے
دنیا کا بد لا بد لا ، نقشہ ہی آج کل ہے

انسان کی ترقی ، حیران کر رہی ہے
انسانیت تو لیکن ، اے شاد مر رہی ہے

الفاظ و معنی:

فضا	:	ہوا، ماحول
دھرتی	:	زمین
تحلیل	:	مٹا دینا
مسافت	:	دوری
وسعت	:	پھیلاؤ
نیٹ	:	جال
انتر	:	فرق
تیرگی	:	اندھیرا
شدت	:	تیزی

I. (الف) ان سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1- انسان کو کس نے فضا میں اُڑنا سکھایا؟
2- ''نیٹ'' نے ساری دنیا کو کیا بنا دیا ہے؟
3- روز و شب کا فرق کیسے مٹ گیا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

4- راتوں کی تیرگی میں کیا ہوتا ہے؟

5- سائنس کا اثر گرمیوں کے موسم پر کس طرح ہوتا ہے؟

6- انسانیت کے تعلق سے شاعر کیا کہتا ہے؟

(ب) الفاظ کو صحیح ترتیب سے لکھ کر اشعار مکمل کیجئے۔

1- اڑنا فضا انسان کو سکھا میں دیا ہے
اس ملا نے دیا آسماں کو سے دھرتی

2- شب روز و بجلی نے دیا ہے مٹا انتر کا
تیرگی میں راتوں کی اگا دیا ہے سورج

3- ترقی کی انسان کر رہی ہے حیران
لیکن تو انسانیت مر رہی ہے اے شاد

(ج) اضداد لکھئے

1- دھرتی ×

2- دُور ×

3- روز ×

4- ترقی ×

(د) ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

فضا +

بجلی +

احساس +

ترقی +

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج) ان الفاظ کے مترادفات لکھئے۔

فضا =

دھرتی =

آسمان =

زمین =

شب =

سورج =

جاڑا =

II. (الف) محاورہ: دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا مجموعہ جس کے لفظی معنی کے بجائے مرادی معنی لئے جائیں محاورہ کہلاتا ہے، مثلاً:

آنکھوں میں کھٹکنا = بہت برا لگنا

تارے گننا = رات بھر جاگنا

دال نہ گلنا = کامیابی نہ پانا

دل بھر آنا = بہت افسوس ہونا

چار چاند لگانا = عزت بڑھانا

الٹی گنگا بہنا = قاعدے کے خلاف کرنا

موزوں لفظ چن کر محاورے مکمل کیجئے۔

مثال:۔.....پر تیل چھڑکنا (بجھتی، جلتی، بھڑکتی)

جواب:۔ جلتی پر تیل چھڑکنا

1- .....دھاگے میں باندھنا (موٹے، لمبے، کچے)

2- .....پانی کو بھیجنا (کالے، نیلے، اجلے)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) بوجھوتو جانیں:

1- پھولوں کا وہ منہ چومے اور چپکے سے اڑ جائے، رنگ برنگے پنکھا اٹھائے، بچوں کو للچائے۔

2- ہری تھی من بھری تھی۔ لالہ جی کے باغ میں دوشالہ اوڑھے کھڑی تھی۔

3- چوبیس گھنٹے پانچ پکار سن کے نہ آئے تو گنہگار

کوئل رانی

III: نظم پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

سب سے اچھی کوئل رانی — میٹھی میٹھی اس کی وانی

گرمی آئی کوئل آئی — آخر سب کے من کو بھائی

پردے کی یہ اتنی خوگر — پیڑوں پہ یہ بیٹھے چھپ کر

کوؤں سے یہ اتنا ڈرتی — پیڑوں پیڑوں اڑتی پھرتی

اتنی سندر اتنی کومل — جیسے ہو پریوں کا آنچل

کوں کوں کرنا کام ہے اس کا — ہر ایک لب پہ نام ہے اس کا

باغ بغیچوں میں ہے رہتی — آندھی طوفان کے غم سہتی

پیڑ پہ کوں کوں بول رہی ہے — کانوں میں رس گھول رہی ہے

جاڑوں میں کر جاتی ہجرت — اس میں بھی ہے کوئی حکمت

(ڈاکٹر عبرت بہرائچی)

سوالات:

1- کوئل کس موسم میں دکھائی دیتی ہے ؟

2- کوئل کہاں اور کس طرح رہتی ہے ؟

3- پردہ کرنے کے لئے کوئل کیا کرتی ہے ؟

4- جاڑوں میں کوئل کیا کرتی ہے ؟

☆☆☆

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

P2M4T1

اکائی-V
سبق-10

انٹرنیٹ



تم نے سائنس کی مختلف ایجادات جیسے بجلی کی برکتیں، روبوٹ مشینی انسان کے کارنامے، ٹیلیفون کی سہولتوں کے بارے میں پڑھا ہے۔ آج ہم انٹرنیٹ سے متعلق چند باتیں معلوم کریں گے۔ پہلے زمانے میں بادشاہوں کے احکامات اور پیغامات مخصوص لوگوں کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجے جاتے تھے، اور کبوتروں کے ذریعے بھی یہ کام کیا جاتا تھا۔ پھر ڈاک کا انتظام ہوا۔ دور دراز مقامات کو پیغام پہنچانے کا یہ طریقہ ایک زمانے سے جاری ہے، جب فون کی سہولت حاصل ہوگئی تو لوگ اس کا استعمال کرنے لگے۔ اب فون بھی بہت پرانا ذریعہ ہو چکا ہے۔ فون کی جگہ موبائیل نے لے لی ہے۔ اس کے ذریعہ سفر میں، دفتر میں، غرض کہیں سے بھی بات چیت کر سکتے ہیں۔ اسی طرح سینکڑوں میل دور رہ کر کوئی بھی کمپیوٹر کے ذریعہ پیغام بھیج سکتا ہے۔ اسی ذریعہ کو انٹرنیٹ کہتے ہیں۔



انٹرنیٹ ایک مرکب لفظ ہے۔ انٹر یعنی ''آپسی'' اور نیٹ یعنی ''جال'' ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہم نے آسمان پر ہوائی جہاز کو اڑتے ہوئے دیکھا ہے۔اس کے اڑنے کے جو راستے ہیں وہ دکھائی نہیں دیتے جیسے ریل کی پٹریاں دیکھائی دیتی ہیں۔

ہوائی جہاز چلانے کے لئے ساری ہدایات فون کے ذریعہ زمین ہی سے دی جاتی ہیں۔اسی طرح کمپیوٹر پر دئے گئے پیغامات پہنچانے کے لئے کوئی ڈاکیہ نہیں ہوتا بلکہ ایک جال کے ذریعہ سارے کام انجام پاتے ہیں،اور یہ ہمیں دکھائی نہیں دیتا۔اسی کو انٹرنیٹ کہتے ہیں اور اس پر جو پیغامات بھیجے جاتے ہیں ان کو ''ای میل'' (E - Mail) کہتے ہیں۔





ای میل کا مطلب الیکٹرانک ڈاک ہے۔کمپیوٹر پہلے پہل اپنے حساب و کتاب کی وجہ سے مشہور تھا۔لیکن یہ اب ایک مقام سے دوسرے مقام تک پیغام پہنچانے کا بہترین ذریعہ بن گیا ہے۔مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ پیغام بھیجنے والوں اور پیغام وصول کرنے والوں کے پاس انٹرنیٹ سے جڑا کمپیوٹر ماؤس جیسے تکنیکی آلات کا ہونا ضروری ہے۔ یا کسی کمپیوٹر سنٹر سے بھی پیغام بھیجے جا سکتے ہیں۔پیغامات بھیجنے کی بھی کئی کمپنیاں قائم ہیں۔

انٹرنیٹ ایک اہم سہولت ہے۔اس کی مختلف حیثیتیں ہیں۔پڑھنے اور پڑھانے والوں کے لئے یہ ایک مدرسہ، کالج اور یونیورسٹی کا کام کرتا ہے تو سائنس دانوں کے لئے معلومات میں اضافہ کرنے اور ایک دوسرے کے خیالات جاننے کا ذریعہ ہے۔تاجروں کے لئے تجارتی اداروں سے تعلق پیدا کرنے اور والدین کے لئے دور دراز مقامات پر رہنے والے، اپنے بچوں کی خیر خیریت دریافت کرنے کا اچھا ذریعہ ہے۔

©KTB NOT TO BE REPUBLISHED





@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ترقی یافتہ ممالک میں آبادی کا ایک بڑا حصہ اس کا استعمال کرتا ہے۔

کمپیوٹر اب اس قدر مختصر ہو گئے ہیں کہ انہیں اپنے ساتھ رکھا جا سکتا ہے۔ چھوٹے سائز کے پاکٹ کمپیوٹر، گھڑی یا زیور کی طرح پہننے والے کمپیوٹر بھی اب ملنے لگے ہیں۔ جن کے ذریعہ ای۔میل بھیجے اور وصول کئے جا سکتے ہیں۔ اس کے ذریعہ گھر میں موجود آلات کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ اس بات کا پتہ لگایا جا سکتا ہے کہ گھر کا دروازہ کون کھٹکھٹا رہا ہے۔ یہاں تک کہ ڈاکٹر میلوں دور بیٹھ کر دواخانوں میں شریک مریضوں کے دل کی ڈھرکن کے اُتار چڑھاؤ کو نہ صرف دیکھ سکتے ہیں اور ان کی کیفیت جان سکتے ہیں بلکہ علاج بھی انٹرنیٹ کے ذریعہ کر سکتے ہیں۔

انٹرینٹ کے ذریعہ کاروباری کام بھی گھر بیٹھے ہی کئے جاتے ہیں۔ ای۔میل کے سہارے خریداری کا سامان گھر بیٹھے ہمیں مل سکتا ہے۔ کسی عالی شان ہوٹل کے کھانے کی فرمائش بھی ای۔میل کے ذریعہ کی جا سکتی ہے اور گھر سے باہر نکلے بغیر مناسب چیزیں آپ کو حاصل ہو جاتی ہے۔

الفاظ و معنی:

کارنامے : غیر معمولی کام

دوردراز : فاصلہ

اضافہ : ترقی، زیادہ ہونا

کیفیت : حالت، رنگ ڈھنگ

تابع : فرمابردار

یاد رکھئے۔

ای۔میل : E - Mail

کمپیوٹر : Computer

روبوٹ : Robot

ٹیلی فون : Telephone

انٹرنیٹ : Internet

سنٹر : Centre

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1- پہلے زمانے میں پیغامات بھیجنے کا ذریعہ کیا تھا؟

2- انٹرنیٹ کسے کہتے ہیں؟

3- ہوائی جہاز کے سارے پیغامات کہاں سے دئے جاتے ہیں؟

4- انٹرنیٹ پیغام بھیجنے یا وصول کرنے کے لئے کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟

II. (الف) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے:۔

1- ایجاد +

2- سہولیات +

3- کارنامہ +

4- پیغامات +

5- احکامات +

6- بات +

7- راستہ +

8- کمپنی +

9- زمانہ +

10- راستہ +

(ب) اضداد لکھئے۔

پرانا ×

انجام ×

ترقی ×

چڑھاؤ ×

دور ×

(د) اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

1- موبائیل 2- کنٹرول

3- دھڑکن 4- عالی شان

5- آبادی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

لسانی سرگرمیاں

(الف) ان الفاظ کی مناسبت سے فہرست تیار کیجئے۔

جانور	مشینی آلات	پرندے	ممالک کے نام

(ب) خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے۔

1- ای میل کا مطلب.....ڈاک ہے۔

2- .....سے میلوں دور رہ کر بھی بات کر سکتے ہیں۔

3- خریداری کا سامان.....بیٹھے انٹرنیٹ کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

4- پیغام بھیجنے والے اور پیغام وصول کرنے والے کے پاس.....ہونا ضروری ہے۔

(ج) جوڑ لگائیے۔

الف		ب
میلوں دور رہ کر خیر خیریت	.1	اسے ای میل کہتے ہیں
کمپیوٹر پر دئے گئے پیغامات	.2	ایلکٹرانک ڈاک ہے
ای میل کے سہارے	.3	خریداری کا سامان گھر بیٹھے ہمیں مل جاتا ہے
ای میل کا مطلب	.4	پہنچانے کے لئے کوئی ڈاکیہ نہیں ہوتا
انٹرنیٹ کے ذریعے جو پیغامات بھیجے جاتے ہیں	.5	دریافت کرنا مشکل نہیں رہا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د) قوسین میں دئے گئے مرکب الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجئے۔

1- آج کے سائنسی دور میں.....کی خبریں معلوم کرنا مشکل نہیں۔

2- .....ممالک میں ہر چیز کی سہولت ہوتی ہے۔

3- موبائیل.....معلوم کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

4- زندگی میں.....تو آتا رہتا ہے۔

[خیر خیریت ۔ اُتار چڑھاؤ۔ دور دراز۔ ترقی یافتہ]









NOT TO BE REPUBLISHED

III

کمپیوٹر

نظم پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

کمپیوٹر کا کام بڑا ہے — جیسے اس کا نام بڑا ہے
ہر سو اس کی دھوم مچی ہے — اس کی ہر ایک شان نئی ہے
سرکاری یا نجی ہو دفتر — ہر شعبے میں یہ جلوہ گر
اسکول و کالج یا مدارس — بینک ہو یا ہو ریلوے آفس
اب تو گھر گھر کی یہ زینت — سب ہی کو اس کی ہے ضرورت
اس میں انٹرنیٹ لگالو — چاہو تو سی ڈی کا مزہ لو
جیسا چاہو کام کرے یہ — تیرا روشن نام کرے یہ
سائز بدلے فانٹ بدل دے — گرگٹ جیسے رنگ یہ بدلے
تصویریں ہوں یا گل بوٹے — پل بھر میں یہ حاضر کر دے
اس کے گیم کے سب متوالے — اس کے سارے کام نرالے
کام سبھی محفوظ کرے یہ — دن بھر کام کرے نہ تھکے یہ
وقت کی یہ کرتا ہے حفاظت — دیتا ہے یہ سب کو راحت

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سوالات:

1- کمپیوٹر کہاں کہاں دکھائی دیتا ہے؟
2- کمپیوٹر سے کون کونسے کام لئے جاتے ہیں؟
3- کمپیوٹر سے وقت کی کیسے حفاظت ہوتی ہے؟

☆☆☆